The Bank of Khyber

BOK/HO/BOD/2023

March 08, 2023

**General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir

**Notice of Annual General Meeting of the Bank of Khyber**

As required under clause 5.6.9 of PSX Rule Book, enclosed please find the notice of 32nd Annual General Meeting (AGM) of the Shareholders of the Bank of Khyber to be held on Thursday, March 30, 2023 at 11:00 a.m. at the Bank of Khyber, Head Office, BOK Tower, Peshawar.

Further, the attached notice of AGM will be published in "Business Recorder (Combine-Khi,Ibd)" in English language and "Daily Jang (Karachi)" in Urdu language on March 09, 2023.

Please communicate the information to TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Yours sincerely,

**Muhammad Ali**
Company Secretary(A)

Enclose: As Above

# NOTICE OF THIRTY SECOND ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Thirty Second Annual General Meeting of the Shareholders of the Bank of Khyber will be held on Thursday, March 30, 2023 at 11:00 a.m. at the Bank of Khyber, Head Office, BOK Tower, Peshawar to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of Thirty First Annual General Meeting held on March 29, 2022.
2. To receive, consider and adopt the Audited Accounts of the Bank for the year ended December 31, 2022, together with the Directors' and Auditors' Reports thereon.
3. To appoint auditors for the year ending December 31, 2023 and fix their remuneration. Bank's auditors Messrs. PwC A.F. Ferguson & Co., Chartered Accountants, retired and being eligible, offer themselves for re-appointment.

**Special Business**

4. To grant approval for increase in fee to the non-executive Directors for attending the Board and Board Committees / Special Committees meetings.
5. The Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa passed the Bank of Khyber (Amendment) Act, 2022 wherein the following amendment have also been made:
   a. In Section 4 sub-section (1) of the Bank of Khyber Act, 1991, for the words "the Bank of Khyber", the words "Bank of Khyber" shall be substituted.

   The following resolution is required to be passed:

   **RESOLVED**

   ***"That in terms of Section 4(1) of the Bank of Khyber Act, 1991, for the words "the Bank of Khyber", the words "Bank of Khyber" are approved.***

**Other Business**

6. Any other business with the permission of the Chair.

Statement of Material Facts under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017 relating to said Special Business is given hereunder.

By Order of the Board

**Muhammad Ali**
Company Secretary

Peshawar: March 9, 2023

**Notes:**

(i) Share Transfer Books of the Bank will remain closed from Friday, March 23, 2023 to Thursday, March 30, 2023 (both days inclusive) to determine the names of members entitled to receive pay outs, if any, and attend and vote in the meeting.

Transfers received in order at the office of our Share Registrar, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, located at Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A., Phase-VII, Karachi-75500 by the close of business on Wednesday, March 22, 2023 will be treated in time for the said purpose.

(ii) All members are entitled to attend and vote at the meeting.

(iii) A member entitled to attend and vote at the meeting, is entitled to appoint another member as a proxy to attend, speak and vote for him/her. The proxy appointed should be a member of the Bank of Khyber.

(iv) The instrument of proxy applicable for the meeting is being provided with the notice sent to members. Further copies of the instrument of proxy, if required, may be obtained from the Registered Office of the Bank during normal office hours.

(v) The instrument of proxy and a Power of Attorney or other authority (if any) under which it is signed, or notarized copy of such Power of Attorney must be valid and deposited at the Registered Office of the Bank not less than 48 hours before the time of the meeting.

(vi) In case of Proxy for an individual beneficial owner of CDC, attested copies of beneficial owner's CNIC or passport, Account and Participant's I.D. numbers must be deposited along with the Form of Proxy. In case of Proxy for corporate members, he/she should bring the usual documents required for such purpose.

In case of corporate entity, the resolution of Board of Directors / Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced along with the proxy form at the time of attending the meeting.

(vii) The proxy shall produce his / her original CNIC or passport at the time of the meeting.

(viii) Members are requested to immediately communicate changes in their registered addresses, if any, to the Bank's Shares Registrar before start of the book closure period.

(ix) Form of Proxy, if required, should be signed on Rs.5/- Revenue Stamp.

## FOR SHAREHOLDERS' ATTENTION

### Transmission of Annual Report 2022

In accordance with the Shareholders' approval accorded in 29th Annual General Meeting held on March 27, 2020, USBs have been dispatched to shareholders at their registered addresses available with the Shares Registrar. However, the Bank would provide hard copies of the Annual Report to the shareholders on their demand at their registered addresses, free of cost, within one week of such request.

### Payment of Cash Dividend Electronically (e-Dividend) / Dividend Mandate

As per Companies Act, 2017 and Companies (Distribution of Dividends) Regulation 2017, any dividend payable in cash by a listed company shall ONLY be paid through electronic mode directly into the bank account of the entitled shareholder(s) which must be in their own name. In this regard, the Bank had already sent letters & Bank Mandate Forms to the shareholders and issued various notices through publication in newspapers requesting the shareholders to comply with the requirement of providing Bank Mandate urgently.

Under the provisions of the said laws, the Bank is required to withhold cash dividend payment of those shareholders whose dividend mandate information and/or CNIC detail is not available at the time of payment of cash dividend.

All the shareholders are hereby once again requested to provide the Bank Mandate details including International Bank Account Number (IBAN) immediately along with a copy of valid CNIC, if not provided earlier to their respective Participants / Brokers (if shares are held electronically) or to the Share Registrar (if shares are held in physical form) for credit of cash dividends directly into their designated bank accounts through electronic modes.

In case of non-provision of Bank Mandate & copy of valid CNIC, cash dividend(s) will be withheld according to SECP directives. For providing the Bank Mandate details to CDC / Share Registrar, the IBAN Form may be downloaded from the Bank's website under Investor Relations.

### Deduction of Withholding Tax

Please note that withholding tax will be deducted on the basis of latest "Active Taxpayers List" (ATL) available at FBR website as per following rates:

1. Persons appearing in ATL: 15%
2. Persons not appearing in ATL: 30%

Further, in respect of joint shareholders, tax will be deducted as per their respective ratio / share (if any) intimated by the shareholder to the Bank's Share Registrar, otherwise their shareholding will be treated as equal.

Valid Tax Exemption Certificate is required for claim of Exemption u/s 150 of the Income Tax Ordinance, 2001.

**Unclaimed / Unpaid Dividends and Share Certificates**

Shareholders are once again requested that who have not yet received / collected their previous dividends / physical shares to contact our Share Registrar for the needful.

**Deposit / Conversion of Physical Shares into Book Entry Form**

As per Section 72 of the Companies Act, 2017, every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of Companies Act 2017 i.e. May 31, 2017 according to which the deadline was May 31, 2021.

The shareholders had been informed about the requirement through notice on the Pakistan Stock Exchange Ltd. dated August 11, 2021 as well as individual letters were dispatched to the shareholders followed by publication in English and Urdu newspapers on August 20, 2021. Further, the shareholders are kept informed of the requirement through notices of annual general meetings.

The shareholders having physical shareholding may open CDC Sub-account with any of the brokers or Investor Account directly with CDC to place their physical shares into scrip less form. This will facilitate them in many ways including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Stock Exchange.

**Video Conference Facility for Attending General Meetings**

If the Bank receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 07 days prior to date of meeting, the Bank will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.

To avail this facility a request to be submitted on registered address of the Bank 07 days before holding of the Annual General Meeting.

**Statement of Material Facts under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017**

This statement sets out the material facts concerning the Special Business at item No.4 and 5 of the notice to be transacted at the Annual General Meeting of the Bank to be held on March 30, 2022.

**Item No. 4 – Increase in Directors' Attendance Fee**

In term of Section 170 of the Companies Act, 2017 and as per Para C-2 of Regulation G-1 of the Prudential Regulations of the State Bank of Pakistan, the bank may pay a reasonable and appropriate remuneration to the non-executive directors and Chairman for attending the Board and/or Committee meetings. The scale of remuneration to be paid to the non-executive Directors and Chairman for attending the Board and / or Committee meetings shall be approved by the shareholders on a pre or post facto basis in the Annual General Meeting (AGM).

Previously, on the recommendation of the Board, the shareholders in 25th AGM held on April 5, 2016 and 27th AGM held on March 29, 2018 had approved increase in Directors' fee for attending Board and Committee/Special Committee meetings to Rs.50,000/- (net of taxes).

Since workload of Directors has been increased manifold after introduction of the Code of Corporate Governance and other regulatory frameworks which require their time and efforts. Therefore, the Board was of the opinion that the non-executive Directors and Chairman need to be compensated accordingly.

After due consideration, the Board of Directors in its 174th meeting held on October 26, 2022 recommended increase in Directors' fee for attending Board/Board Committee/Board Special Committee's meeting to Rs.100,000/- (net of taxes) to be paid to non-executive Directors, Independent Directors and Chairman on per meeting basis. of in Fee structure by keeping into consideration other banks including peer banks. After increase in fee, the Bank of Khyber still remained the lowest in Directors' attendance fee.

In terms of Para C-2 of Regulation G-1 of the Prudential Regulations of the State Bank of Pakistan, Post-facto approval of the shareholders of the Bank is sought for the above mentioned increase in fee.

The following resolution is therefore, being proposed to be passed as an Ordinary Resolution by the shareholders:

***"RESOLVED that Directors' fee for attending meetings of Board / Board Committees / Board Special Committees shall be Rs.100,000/- (net of taxes) and shall be paid to non-executive Directors, independent directors and chairman on actual attendance on per meeting basis."***

**Item No. 5 – Change of Name as per Bank of Khyber (Amendment) Act, 2022**

The Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa passed the Bank of Khyber (Amendment) Act, 2022 wherein different changes/amendments/substitutions have been approved. The following resolution is therefore, being presented for information and approval of the shareholders of the Bank:

*"That in terms of Section 4(1) of the Bank of Khyber Act, 1991, for the words "the Bank of Khyber", the words "Bank of Khyber" are approved.*

# نوٹس برائے 32واں سالانہ اجلاس عام

بینک آف خیبر کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 32واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات مورخہ 30 مارچ 2023 دن 11:00 بجے بینک آف خیبر ہیڈ آفس، بی او کے ٹاور، پشاور میں منعقد ہو گا جس میں درج ذیل کاروباری امور طے کیے جائیں گے:

**معمول کی کاروائی**

1 29 مارچ 2022 کو منعقدہ 31 ویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق۔

2 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونیوالے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، غور و عمل اور منظوری۔

3 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونیوالے سال کیلئے آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کا مشاہرہ مقرر کرنا۔

بینک کے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز Pwc اے ایف فرگوسن اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

**خصوصی کاروائی**

4 بورڈ اور بورڈ کمیٹیوں / خصوصی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کیلئے غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کی فیس میں اضافے کی منظوری دینا۔

5 خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی نے بینک آف خیبر (ترمیمی) ایکٹ 2022 کی منظوری دی، جس میں درج ذیل ترمیم بھی کی گئی ہے:

الف) بینک آف خیبر ایکٹ 1991 کے سیکشن 4 کی ذیلی شق (1) میں "دی بینک آف خیبر" کے الفاظ کو "بینک آف خیبر" سے تبدیل کیا جائے گا۔

درج ذیل قرارداد کی منظوری درکار ہے:

**قرار پایا**

**"یہ کہ بینک آف خیبر ایکٹ 1991 کے سیکشن (1)4 کے مطابق "دی بینک آف خیبر" کی جگہ "بینک آف خیبر" کے الفاظ کی منظوری دی جاتی ہے۔"**

**دیگر کاروائی**

6 چیئرمین کی منظوری سے کوئی اور امور غور و خوض کیلئے پیش کیے جاسکتے ہیں۔

خصوصی کاروائی سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کی وضاحت درج ذیل ہے۔

پشاور: 9 مارچ 2023

بحکم بورڈ

**محمد علی**

کمپنی سیکریٹری

**نکات**

(i) اجلاس میں حاضری اور ووٹ دینے بشمول ادائیگیاں، اگر کوئی ہو، کی وصولی کرنے والے ممبران کے ناموں کا تعین کرنے کیلئے بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 23 مارچ 2023 بروز جمعہ سے 30 مارچ 2023 بروز جمعرات تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔

ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بمقام پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل سٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی-75500 کے دفتر میں 22 مارچ 2023 بروز بدھ دفتری اوقات کے اختتام تک اس حوالے سے موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو مذکورہ مقصد کیلئے بر وقت تصور کیا جائیگا۔

(ii) اجلاس میں حاضری اور ووٹ کیلئے تمام ممبرز اہل ہیں۔

(iii) اجلاس میں حاضری اور ووٹ کا اہل ممبر اپنی بجائے اجلاس میں حاضری، ووٹ اور بولنے کیلئے کسی اور ممبر کو پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ مقرر کردہ پراکسی کیلئے بینک آف خیبر کا ممبر ہونا بھی لازمی ہے۔

(iv) اجلاس کیلئے پراکسی مقرر کرنے کی دستاویزات نوٹس کے ہمراہ ممبران کو ارسال کی جارہی ہیں۔ ضرورت پڑنے پر اس کی مزید کاپیاں معمول کے دفتری اوقات میں بینک کے رجسٹرڈ آفس میں دستیاب ہوں گی۔

(v) پراکسی کی دستاویزات اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویزات جس کے تحت دستخط کیے گئے یا نوٹری پبلک کے دستخط والی پاور آف اٹارنی اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس میں جمع ہونا لازمی ہے۔

(vi) CDC بنی فیشل اونر کی پراکسی کے ساتھ اس کے پاسپورٹ یا شناختی کارڈ، اکاؤنٹ اور شرکت کنندہ کا ID نمبر پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا لازمی ہے۔ کارپوریٹ ممبرز کی پراکسی کی صورت میں متعلقہ فرد کو ایسے مقاصد کیلئے درکار عمومی دستاویزات لانا ہوں گی۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد فرد کے نمونہ دستخط ہمراہ پراکسی فارم اجلاس میں شرکت کے وقت فراہم کرنا ہوں گی۔

(vii) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

(viii) ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی سے متعلق ہمارے مذکورہ بالا شیئر رجسٹرار کو بُک کی بندش کے دورانیہ کے آغاز سے پہلے مطلع کریں۔

(ix) اگر ضرورت ہو تو پراکسی فارم 5 روپے کے ریونیو سٹیمپ پر دستخط کریں۔

## اطلاع برائے شیئر ہولڈرز

### سالانہ رپورٹ 2022 کی ترسیل

27 مارچ 2020 کو منعقدہ 29 ویں سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری کے مطابق، USBs شیئر ہولڈرز کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کر دی گئیں ہیں، جو شیئرز رجسٹرار کے پاس دستیاب ہیں۔ تاہم بینک سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپیاں شیئر ہولڈرز کو ان کے مطالبے پر ان کے رجسٹرڈ پتے پر ایسی درخواست کے ایک ہفتے کے اندر بلا معاوضہ فراہم کرے گا۔

### کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ادائیگی (ای ڈیویڈنڈ) / ڈیویڈنڈ مینڈیٹ

کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشن 2017 کے مطابق، لسٹڈ کمپنی کی طرف سے کیش کی صورت میں قابل ادائیگی کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کے بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائے گا جو ان کے اپنے نام پر ہونا چاہیے۔ اس سلسلے میں، بینک کی طرف سے پہلے ہی شیئر ہولڈرز کو لیٹرز اور بینک مینڈیٹ فارم ارسال کئے گئے اور اخبارات میں بذریعہ اشاعت مختلف نوٹس جاری کئے گئے جن میں شیئر ہولڈرز سے درخواست کی گئی کہ وہ فوری طور پر بینک مینڈیٹ کی فراہمی کی شرط کو پورا کریں۔

مذکورہ قوانین کی دفعات کے تحت بینک ان شیئر ہولڈرز کو کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کو روکنے کا پابند ہے جن کی ڈیویڈنڈ مینڈیٹ انفارمیشن اور / یا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر کی تفصیلات کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے وقت دستیاب نہیں ہوگی۔

تمام شیئر ہولڈرز سے ایک مرتبہ پھر التماس کی جاتی ہے کہ وہ کیش ڈیویڈنڈ کو براہ راست ان کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں الیکٹرانک طریقے سے کریڈٹ کرنے کیلئے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بشمول انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) شناختی کارڈ کی مؤثر کاپی کے ہمراہ فوری طور پر فراہم کریں، اگر انہوں نے متعلقہ شرکت کنندہ / بروکرز (شیئرز الیکٹرانک طور پر رکھنے کی صورت میں) یا شیئر رجسٹرار (شیئرز فزیکل شکل میں رکھنے کی صورت میں) پہلے فراہم نہیں کیے گئے ہیں۔

بینک مینڈیٹ اور شناختی کارڈ کی مؤثر کاپی فراہم نہ کرنے کی صورت میں، ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق کیش ڈیویڈنڈ کو روک لیا جائے گا۔ CDC / شیئر رجسٹرار کو بینک مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کرنے کیلئے، IBAN فارم بینک کی ویب سائٹ سے انوسٹر ریلیشنز کے تحت ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

### ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

براہ کرم نوٹ کریں کہ ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی درج ذیل شرح کے مطابق ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب تازہ ترین "ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL)" کی بنیاد پر کی جائے گی۔

1۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل افراد کیلئے: 15 فیصد

2۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہ ہونے والے افراد کیلئے: 30 فیصد

مزید یہ کہ جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے سلسلے میں ان کے متعلقہ تناسب / شیئر (اگر کوئی ہے) کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی جس کے بارے میں شیئر ہولڈر نے بینک کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کیا ہے، بصورت دیگر ان کے شیئر ہولڈنگ کو مساوی سمجھا جائے گا۔

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی شق 150 کے تحت استثنیٰ کے کلیم کیلئے درست استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ درکار ہے۔

### غیر دعویٰ شدہ / غیر اداشدہ ڈیویڈنڈز اور شیئرز سرٹیفکیٹس

ایسے شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے سابقہ ڈیویڈنڈ / فزیکل شیئرز وصول نہیں کئے، ان سے ایک بار پھر التماس کی جاتی کہ وہ تفصیلات کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رجوع کریں۔

### فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں ڈپازٹ / تبدیلی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر موجودہ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں بیان کردہ طریقہ کار سے اور کمیشن کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ سے، جو اس مدت کے اندر چار سال سے زائد نہ ہو، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز یعنی 31 مئی 2017 سے ہے، جس کے مطابق آخری تاریخ 31 مئی 2021 تھی، تبدیلی کرنا ہوگی۔

پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ پر 11 اگست 2021 کو نوٹس کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو لازمی شرائط کے بارے میں مطلع کیا گیا تھا اور ساتھ ہی شیئر ہولڈرز کو انفرادی طور پر لیٹرز بھی ارسال کئے گئے تھے جس کے بعد 20 اگست 2021 کو انگریزی اور اردو اخبارات میں اشاعت کی گئی تھی۔ مزید یہ کہ شیئر ہولڈرز کو لازمی شرائط کے بارے میں سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ذریعے بھی آگاہ کیا جاتا ہے۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC ذیلی اکاؤنٹ یا CDC کے ساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں تاکہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس شکل میں رکھ سکیں۔ یہ انہیں کافی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا، بشمول شیئرز کی محفوظ تحویل اور جب بھی وہ چاہیں فروخت، کیونکہ اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

### اجلاس عام میں شرکت کیلئے ویڈیو کانفرس کی سہولت

مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد شیئرز کے مالک ایسے ممبران جو کسی دوسرے شہر میں رہائش پزیر ہوں اور اجلاس میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کرنے کیلئے کم از کم سات دن پہلے بینک کو درخواست کریں تو بینک ان کے شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس کی سہولت ان کے شہر میں دستیاب ہو۔

اس سہولت کو حاصل کرنے کیلئے سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے سات دن پہلے بینک کے رجسٹرڈ ایڈریس پر درخواست ارسال کرنا ہوگی۔

### کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت وضاحت

یہ وضاحت نوٹس کی خصوصی کاروائی کے آئٹم نمبر 4 اور 5 سے متعلق مادی حقائق جو کہ 30 مارچ 2023 کو منعقدہ بینک کے سالانہ اجلاس عام میں جاری کیے جائیں گے، سے متعلق ہے۔

### آئٹم نمبر 4۔ ڈائریکٹرز کی حاضری فیس میں اضافہ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 170 کے مطابق اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پروڈینشل ریگولیشنز کے ریگولیشن G-1 کے پیرا C-2 کے مطابق، بینک بورڈ یا کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کیلئے غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیئرمین کو معقول اور مناسب معاوضے کی ادائیگی کر سکتا ہے۔ بورڈ یا کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیئرمین کو ادا کیے جانے والے معاوضے کے پیمانے کی منظوری شیئر ہولڈرز سے کی جانب سے سالانہ اجلاس عام میں قبل یا بعد از حقائق کی بنیاد پر دی جائے گی۔

اس سے قبل بورڈ کی سفارشات پر 5 اپریل 2016 کو ہونے والی 25 ویں سالانہ اجلاس عام اور 29 مارچ 2018 کو ہونے والی 27 ویں سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز نے بورڈ اور کمیٹی / خصوصی کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے ڈائریکٹرز کی فیس میں -/50,000 روپے (بعد از ٹیکس خالص) تک اضافے کی منظوری دی تھی۔

چونکہ کوڈ آف کارپوریٹ گورننس اور دیگر ریگولیٹری فریم ورک متعارف کرائے جانے کے بعد ڈائریکٹرز کے کام کا بوجھ کئی گنا بڑھ گیا ہے جس کے لیے انہیں وقت اور محنت درکار ہوتی ہے۔ لہٰذا بورڈ کی یہ رائے تھی کہ غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیئرمین کو اسی مطابق معاوضہ ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

مناسب غور و خوض کے بعد بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 26 اکتوبر 2022 کو منعقدہ اپنے 174 ویں اجلاس میں بورڈ / بورڈ کمیٹی / بورڈ کی خصوصی کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، آزاد ڈائریکٹرز اور چیئرمین کو فی میٹنگ ادائیگی کیلئے ڈائریکٹرز کی فیس کو بڑھا کر -/100,000 روپے (بعد از ٹیکس خالص) کرنے کی تجویز دی۔ فیس کی ساخت کو دیگر بینکوں میں شامل کیا گیا۔ دیگر بینکوں بشمول ہم مرتبہ بینکوں کو مدنظر رکھتے ہوئے فیس کے ڈھانچے میں۔ فیس میں اضافہ کے بعد بھی بینک آف خیبر کے ڈائریکٹرز کی حاضری فیس کو سب سے کم پر برقرار رکھا گیا۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پروڈینشل ریگولیشنز کے ریگولیشن G-1 کے پیرا C-2 کے مطابق، فیس میں مذکورہ بالا اضافے کے لیے بینک کے شیئر ہولڈرز کی بعد از حقائق منظوری طلب کی گئی ہے۔

**لہٰذا درج ذیل قرارداد کو شیئر ہولڈرز کی طرف سے ایک عمومی قرارداد کے طور پر منظور کرنے کی تجویز ہے:**

**"یہ قرار پایا کہ بورڈ/بورڈ کمیٹیوں/بورڈ کی خصوصی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لئے ڈائریکٹرز کی فیس -/100,000 روپے ہوگی (بعد از ٹیکس خالص) اور غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، آزاد ڈائریکٹرز اور چیئرمین کو فی میٹنگ حاضری کی بنیاد پر ادا کی جائے گی۔"**

## آئٹم نمبر 5-بینک آف خیبر (ترمیمی) ایکٹ 2022 کے تحت نام میں تبدیلی

خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی نے بینک آف خیبر (ترمیمی) ایکٹ 2022 منظور کیا جس میں مختلف تبدیلیوں اور ترامیم کی منظوری دی گئی۔ لہٰذا بینک کے شیئر ہولڈرز کی معلومات اور منظوری کے لیے درج ذیل قرارداد پیش کی جا رہی ہے:

**"یہ کہ بینک آف خیبر ایکٹ 1991 کے سیکشن 4(1) کے مطابق "دی بینک آف خیبر" کی جگہ "بینک آف خیبر" کے الفاظ کی منظوری دی جاتی ہے۔"**